# DAILY C42 LAHORE

DAILY C42 LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184

## تزئین وآرائش، الحمرا کلچرل کمپلیکس کے دونوں ہالز 3 ماہ کیلئے بند

گلبرگ (زین مدنی) لاہور آرٹس کونسل کے زیر اہتمام چلنے والے الحمرا کلچرل کمپلیکس قذافی کے 2 ڈرامہ ہالز کو تزئین وآرائش کے لئے 3 ماہ کے لئے بند کر دیا گیا۔ دونوں ڈراما ہالز (باقی صفحہ 21 بقیہ 5)

**بقیہ 5 — الحمرا ہالز/بند**

کو نئے سرے سے تیار کیا جائے گا۔ بیک سٹیج سمیت ہال اور ہال کی نشستوں کو نئے سرے سے ماڈرن انداز میں تیار کیا جائے گا۔ اس سلسلے میں ڈائریکٹر آرٹس اینڈ کلچر ذوالفقار زلفی نے سٹی 42 کو بتایا کہ ای ڈی کیپٹن ریٹائرڈ عطاء محمد خان کی خصوصی ہدایات پر ہالز کی تزئین وآرائش کی جائے گی۔ جس کے بعد ہالز کو دوباہ کھول دیا جائے گا۔

# DAILY C42 LAHORE



# DAILY AWAZ LAHORE

روزنامہ آواز لاہور

بدھ 27 دسمبر 2017ء

## الحمراء میں کلاسیکل موسیقی کی تقریب

## فنکاروں کی عمدہ پرفارمنس

لاہور (کلچرل رپورٹر) الحمراء کے زیر اہتمام کلاسیکل موسیقی کا پروگرام گزشتہ روز الحمراء ہال نمبر 3 میں منعقد ہوا۔ جس میں ملک کے نامور گلوکار استاد قمر زمان، استاد بدر الزماں، استاد محمد اختر، محمد وسیم اختر خان، ریاض ندیم، نایاب علی خان اور مینا سید اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ نامور گلوکاروں نے اپنے فن کے مظاہرے سے ایسا سماں باندھا کہ دیکھنے والے داد دیئے بغیر نہ رہ سکے۔ واضح رہے لاہور آرٹس کونسل کی ہمیشہ سے یہ روایت رہی ہے کہ ایسے پروگرام ترتیب دیئے جائیں جن سے عوام کی سستی اور معیاری تفریح میسر آئے اور لوگ اپنی فیملی کے ساتھ ان کو دیکھ سکیں۔

# DAILY DUNYA LAHORE

DAILY DUNYA LAHORE www.dunya.com.pk

بانی ایڈیٹر انچیف
میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا لاہور

جلد نمبر 28 | بدھ، 8 ربیع الثانی 1439ھ، 27 دسمبر 2017ء، 14 پوہ 2074ب | شمارہ 57

رجسٹرڈ نمبر 357 | فون نمبر: 042-111-177-777 فیکس نمبر 042-36296817 | صفحات 20 قیمت 13 روپے

## الحمرا میں کلاسیکی موسیقی کا پروگرام

لاہور (کلچرل رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل کے زیر اہتمام کلاسیکی موسیقی کا پروگرام گزشتہ روز الحمرا ہال نمبر 3 میں ہوا جس میں استاد قمر زمان، استاد بدر الزمان، استاد محمد اختر، محمد وسیم اختر خان، ریاض ندیم، نایاب علی خان اور مینا سید نے اپنے فن کا مظاہرہ کر کے شائقین کو محظوظ کیا۔ اس موقع پر ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل کیپٹن (ر) عطا محمد خان کا کہنا تھا مختلف پروگراموں کے انعقاد پر اسلئے خصوصی توجہ دی جاتی ہے کیونکہ اس سے ہماری ثقافتی اقدار کو فروغ ملتا ہے۔

# DAILY NAWA-I-WAQT LAHORE

DAILY
NAWA-I-WAQT
LAHORE

روزنامہ
نوائے وقت
لاہور

بانی حمید نظامی مرحوم
معمار مجید نظامی مرحوم
ایڈیٹر رمیزہ مجید نظامی


لاہور، کراچی، راولپنڈی/اسلام آباد اور ملتان سے بیک وقت شائع ہوتا ہے


| جلد | | صفحات | رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل | شمارہ |
|---|---|---|---|---|
| 77 | بدھ، 8 ربیع الثانی 1439ھ، 27 دسمبر 2017ء، 13 پوہ 2074 ب<br>UAN 111-222-007 قیمت 13 روپے | 20 | 101 | 274 |

## الحمرا میں محفل موسیقی

لاہور (کلچرل رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل کے زیر اہتمام کلاسیکل موسیقی کا پروگرام گزشتہ روز الحمرا ہال نمبر 3 میں ہوا۔ جس میں استاد قمر زمان، استاد بدر الزماں، استاد محمد اختر، محمد وسیم اختر خان، ریاض ندیم، نایاب علی خان اور مینا سید اپنے فن کا مظاہرہ کر کے شائقین کو محظوظ کیا۔ شائقین کی بڑی تعداد اس پروگرام میں شرکت کی۔ تقریب میں گلوکاروں نے اپنی گائیکی کا ایسا سماں باندھا کہ شائقین داد دیئے بغیر نہ رہ سکے۔ اس موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے ایگزیکٹو ڈائریکٹر لاہور آرٹس کونسل کیپٹن عطا محمد خان کا کہنا تھا کہ مختلف پروگراموں کے انعقاد پر اس لئے خصوصی توجہ دی جاتی ہے۔

# DAILY PAKISTAN LAHORE



## لاہور آرٹس کونسل کے زیر اہتمام کلاسیکل موسیقی کا پروگرام


لاہور (فلم رپورٹر) لاہور آرٹس کونسل الحمراء کے زیر اہتمام ایک کلاسیکل موسیقی کا پروگرام الحمراء ہال نمبر 3 میں منعقد ہوا۔ جس میں ملک کے نامور گلوکار استاد قمر زمان، استاد بدر الزماں، استاد محمد اختر، محمد وسیم اختر خان، ریاض ندیم، نایاب علی خان اور مینا سید اپنے فن کا مظاہرہ کیا۔ لوگوں کی بڑی تعداد اس پروگرام کو دیکھنے کے لئے آئی اور اسے پسند کیا۔ نامور گلوکاروں نے اپنے فن کے مظاہرے سے ایسا سماں باندھا کہ دیکھنے والے داد دیئے بغیر نہ رہ سکے۔

# DAWN LAHORE

DAWN LAHORE, WEDNESDAY DECEMBER 27, 2017

## Paintings by Shahid Mirza exhibited

By Our Staff Reporter



LAHORE: An exhibition of drawings and paintings by veteran artist Shahid Mirza opened at Alhamra Art Gallery, The Mall, on Tuesday.

Mr Mirza is a 1981 graduate of National College of Arts. He also studied visual art at the New York School of Art (USA), and did a short course from there. The artist is displaying his works after some six years or so, and the current exhibition is his sixth solo.

The focus [of his works] is on Murree Hills, Mehergarh and Hunza Valley. Out of 90 artworks on display, 20 are paintings and the rest [are] drawings and mixed-media works.

Shahid Mirza told *Dawn* that Alhamra though had a nice and a spacious art gallery, it did not have any framing workshop with it; one such facility should have been there. The exhibition has been curated by the artist himself.

To a question as to how visual art can be made popular among the masses, Mr Mirza said the definition of art had changed, artists were more into modern works such as installations, some links were missing between the commoner and the artist.

To Shahid Mirza, there is not a strong trend [now] of intellectual debates. He said artists of the past were into portraits and they used to sketch common people. There was a need to fill the gap between the common people and the artist.

The works on display are the fresh ones the artist did in a span of last six years.

Shahid Mirza has been painting for the last three decades. He used to run Lahore Chitarkar as its founder and director, which have a teaching studio and gallery where fine art, music and dance used to be taught.

He has also been an art critic with The News, *Dawn*, Herald, and The Friday Times. He now teaches at the Media Studies, Art, and Design department at the Lahore School of Economics.

The exhibition will continue till Dec 29.

# DAILY DUNYA LAHORE




## الحمرا کلچرل کمپلیکس کے ہالز تزئین و آرائش کے لئے بند

لاہور (طاہر بخاری سے) لاہور آرٹس کونسل نے الحمرا کلچرل کمپلیکس کے دونوں ہالز میں ڈراموں کی نمائش بند کردی۔ بتایا گیا ہے کہ دونوں ہالز تزئین و آرائش کی وجہ سے بند کئے ہیں جو تین ماہ تک بند رہیں گے۔ ذرائع سے معلوم ہوا کہ نیئر علی دادا نے مذکورہ ہالز کی نئی ڈیزائننگ کی ہے جسکے مطابق ان میں تبدیل لائی جائیگی۔ ہال نمبر ایک 350 سیٹوں پر مشتمل ہے جس میں آخری ڈرامہ ٹولہ عاشقاں دا کی نمائش ہوئی اور ہال نمبر دو میں 150 سیٹیں ہیں جس میں سٹیج ڈرامہ موسم شادی دا کی نمائش کی گئی۔ اس حوالے سے ڈپٹی ڈائریکٹر الحمرا کلچرل کمپلیکس نوید بخاری کا کہنا تھا جس روز سے ہالز تعمیر کئے گئے ہیں پہلی بار انکی تزئین و آرائش کی جارہی ہے۔ ہالز کو جدید انداز میں تیار کیا جائیگا تا کہ شائقین فیملیز کیساتھ تفریح حاصل کرسکیں۔

# DAILY C42 LAHORE

DAILY C42 LAHORE
UAN: 111-2489-42 FAX: 042-35407184

## الحمرا آرٹ سنٹر میں جشن غوث الاعظم دستگیر کا انعقاد

فیروز پورروڈ (زین مدنی) لاہور آرٹس کونسل اور دوست فاونڈیشن کے زیر اہتمام الحمرا آرٹ سنٹر میں جشن غوث الاعظم دستگیر کا انعقاد، الحمرا ادبی بیٹھک میں ہونے والی محفل میں شہریوں کی کثیر تعداد نے شرکت کی، اس موقع پر نامور نعت خوانوں نے آپؒ کے حضور گلہائے عقیدت اور قوال پارٹی نے قوالی پیش کر کے خوب داد سمیٹی، شائقین قوال پارٹی کی پرفارمنس پر جھومتے رہے، دوست فاونڈیشن انتظامیہ کا کہنا تھا کہ ایسے پروگراموں کے انعقاد سے بزرگوں کی تعلیمات سے آگاہی حاصل ہوتی ہے۔

# DAILY PAKISTAN LAHORE



SHOWBIZ PAKISTAN

شو بز پاکستان

ایشین ایکسی لینس میڈیا اینڈ "میلوڈی" ایوارڈ کا انعقاد